© rasailojaraid.com

# علمائے کرام کی خدمت میں ایک اہم گزارش

محترمین ومکرمین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

جیسا کہ آپ حضرات کے علم میں ہوگا کہ ہر سال لاکھوں کی تعداد میں حجاج کرام ہمارے ملک سے حرمین شریفین کے سفر پر جاتے ہیں اور فریضہ حج یا عمرہ ادا کرتے ہیں لیکن یہ بات ہمیں تسلیم کرنی پڑے گی کہ علمۃ الناس جس طرح دین کے دوسرے کاموں میں ناواقفیت کی وجہ سے غفلت کا شکار ہیں ایسے ہی حج وعمرہ کے احکام سے بھی مکمل ناواقف ہوتے ہیں اور ناواقفی سے بڑھ کر بے طلبی کے شکار بھی ہیں اور اسکا نتیجہ یہ ہے کہ لاکھوں روپے خرچ کرنے کے بعد بھی بعض اوقات بہت سے حاجی صاحبان وہاں سے مقصد کے اعتبار سے خالی ہاتھ لوٹتے ہیں جو یقیناً ایک افسوسناک بات ہے۔

ان حالات کے تناظر میں اہل علم کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ نہ صرف اس کوتاہی کو المیہ قرار دے کر اس سے صرف نظر کریں بلکہ اس کا مناسب حل تجویز کرنا لازمی ہے، اس بناء پر جامعہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات، مردان کے اساتذہ اور مفتیان کرام نے حجاج کرام کیلئے آج سے کچھ سال پہلے اپنے ہاں تین مقامات پر حج تربیتی کورس کا انعقاد کرایا جس کے کافی اچھے نتائج سامنے آئے، نیز دیگر علاقوں کے علمائے کرام کو بھی اس ضرورت کا احساس دلایا گیا تو انہوں نے بھی والہانہ انداز میں اپنے ہاں اس کا عملی اجرا کرایا۔

گزشتہ سال بعض حضرات نے توجہ دلائی کہ حجاج کرام کیلئے تو تربیتی مجالس کسی نہ کسی درجہ میں پھر بھی موجود ہیں لیکن عمرہ پر جانے والے حضرات کیلئے اس کا کوئی انتظام نہیں جبکہ ہر سال چھ، سات لاکھ کے قریب افراد عمرہ کے مبارک سفر سے فیض یاب ہوتے ہیں، اگر ان لوگوں کی صحیح تربیت نہیں کی گئی تو خدانخواستہ یہ آنا جانا کہیں سیر سپاٹے کی شکل اختیار نہ کرلے، چنانچہ پچھلے سال اللہ کا نام لیکر مردان شہر میں اس کیلئے ہفتہ وار مجالس قائم کی گئیں جن میں اوسطاً ہفتہ وار ساٹھ، ستر کے قریب عازمینِ عمرہ نے شرکت کی، پھر اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کیلئے جامعہ کے اساتذہ اور دیگر احباب پر مشتمل جماعتیں مختلف شہروں کی طرف روانہ کی گئیں اور وہاں کے علماء سے ملاقات کر کے ان کو اس بارے میں احساس دلایا گیا تو ان علمائے کرام نے نہ صرف یہ کہ اس فکر کو دل سے سراہا بلکہ کئی حضرات نے اپنے ہاں ان مجالس کے انعقاد کا عندیہ بھی دیا، اسی سلسلہ میں آپ حضرات کی خدمت میں بھی یہ عریضہ پیش کیا جارہا ہے تاکہ آپ حضرات بھی اس ذمہ داری کا احساس فرماتے ہوئے اپنے ہاں ان مجالس کے قیام کو ممکن بنائیں، یقیناً یہ عمل نہ صرف علماء کرام اور عوام الناس کے درمیان جوڑ، اور قربت کا ذریعہ بنے گا بلکہ حرمین شریفین کے مسافر سے مقاماتِ مقدسہ میں دعائیں لینے کا بھی ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا۔

یہ بات بھی مدنظر رہے کہ حجاج کرام کیلئے تربیتی مجالس تو عموماً چھوٹی عید کے بعد قائم کیے جاتے ہیں تاہم عمرہ پر جانے والے حضرات کا سلسلہ اس سال دسمبر میں شروع ہوجائے گا۔ لہٰذا اگر ان حضرات کی تربیت کیلئے فوری طور پر کوئی صورت نکالی جائے تو بہت بہتر ہوگا، تربیت کیلئے ایسی جگہ کا انتخاب مناسب رہے گا جس میں حضرات وخواتین دونوں کیلئے مناسب انتظام ہوسکے۔

آخری گزارش: آپ حضرات میں سے اگر کوئی صاحب کسی ماہنامہ یا اخبار وغیرہ سے وابستہ ہو تو اسپر ترغیبی مضامین لکھ کر اہلِ علم کو اس طرف متوجہ کرنا بھی خیر سے خالی نہیں ہوگا، نیز میری اس ناقص گزارش پر توجہ دیتے ہوئے کوئی صاحب اگر اپنے ہاں اس کا عملی اجرا کرائے تو امید ہے کہ کارگزاری سے مجھے اور میرے ساتھیوں کو مطلع فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ والسلام

من جانب: مفتی ذاکر اللہ کاکاخیل واساتذہ جامعہ

مزید تفصیلات کیلئے رابطہ کریں:

جامعہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات، حرمین ٹاؤن، مغربی رنگ روڈ، بالمقابل شیخ ملتون، مردان

مولوی محمد بلال: 03139526597 مولوی محب اللہ 03149906042 بھائی سردار علی: 03018192044

© rasailojaraid.com